بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن، کراچی

انٹرمیڈیٹ ایگزامینیشن ماڈل پیپر ۲۰۲۶ء

کل نشانات: ۸۰ اردو (مادری زبان) لازمی (پرچہ دوم) (نئی کتاب کے مطابق) وقت : ۲ گھنٹے ۴۰ منٹ

(تمام گروپس کے لیے)

حصّہ 'ب' (مختصر جواب کے سوالات) (نشانات : ۴۰)

ہدایات: اس حصے سے تمام سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

۲۔ درج ذیل میں سے کسی دو اشعار کی تشریح شاعر کے حوالے اور مختصر تعارف کے ساتھ کیجیے۔ ۱۰

ہوش جاتا نہیں رہا لیکن	جب وہ آتا ہے تب نہیں آتا
میں نے تو ظاہر نہ کی تھی دل کی بات	پر مری نظروں کے ڈھب سے پا گیا
آج واں تیغ و کفن باندھے ہوئے جاتا ہوں میں	عذر میرے قتل کرنے میں وہ اب لائیں گے کیا؟
مہربانی کو محبت نہیں کہتے ، اے دوست!	آہ ، اب مجھ سے تری رنجش بے جا بھی نہیں
ہو نہ پایا یہ فیصلہ اب تک	آپ کیا کیجیے تو کیا کیجیے

تشریح طلب اشعار کے لیے مختص غزلیات

خواجہ میر درد، میر تقی میر، مرزا غالب، مومن خان مومن، فراق گورکھ پوری، جگر مراد آبادی، ناصر کاظمی، جون ایلیا، فاطمہ حسن

۳۔ (الف) منتخب کردہ اقتباس کے سبق کا نام اور مصنف کا نام تحریر کیجیے۔ ۲

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح کیجیے۔ ۸

i) "دوستو! اگر تم مطالعہ فطرت کے بعد یقین رکھتے ہو کہ یہ دنیا انسانی مزاجوں اور انسانی صلاحیتوں اور استعدادوں کے اختلاف کا نام ہے تو یقین کر و کہ محمد رسول اللہ ﷺ کی جامع شخصیت کے سوا اس کا کوئی آخری اور دائمی اور عالم گیر رہنما نہیں ہوسکتا۔"

ii) جب ظرافت اصلی محفل آرا ہوتی ہے تو آپ کمال سنجیدگی سے بیٹھی ہوتی ہے، گرد اس کے سب ہنستے ہیں۔ بلکہ اتنی سی بات اور بھی کہتا ہوں کہ اگر اس کے خاندان میں خوش طبعی یا خندہ جبینی یا خوش بیانی کسی کی بو نہ آئے تو اسے بھی وہی جعل ساز بہروپیا سمجھنا چاہیے۔

iii) سالہا سال تک اردوئے معلیٰ ان کی ادارت میں نکلتا رہا۔ اس رسالے نے ادبی ذوق کے پھیلانے میں بڑا کام کیا۔ اس میں اچھے تنقیدی اور ادبی مضامین نکلتے رہے۔ اس کے علاوہ اس میں ایک بات یہ بڑی اچھی تھی کہ بعض ایسے اچھے شعراء کے کلام کا انتخاب بھی چھپتا رہتا تھا جن کا کلام کبھی طبع نہیں ہوا تھا یا کبھی طبع ہوا بھی تھا تو اب نایاب تھا۔

اقتباس کی تشریح کے لیے مختص اسباق

مضامین۔ انشائیہ۔ شخصیت نگاری

۴۔ (الف) نظم کے شاعر کا مختصر تعارف تحریر کیجیے۔ ۲

(ب) مندرجہ ذیل سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔ ۸

☆ بدلی کا چاند ☆ کتبہ کون لکھے گا ☆ چاند اور تارے

یا

(الف) تشریح کردہ جز کے شاعر اور نظم کا نام تحریر کیجیے۔ ۲

(ب) مندرجہ ذیل جز کی تشریح کیجیے۔ ۸

سب سے اعلیٰ تری سرکار ہے سب سے افضل	میرے ایمان مفصل کا یہی ہے مجمل
ہے تمنا نہ رہے نعت سے تیری خالی	نہ مرا شعر، نہ قطعہ، نہ قصیدہ، نہ غزل
رُخِ انور ﷺ کا ترے دھیان رہے بعدِ قضا	میرے ہمراہ چلے راہِ عدم میں مشعل

مرکزی خیال کے لیے مختص نظمیں

حضرت فاطمۃ الزہراؓ کی رخصتی، چاند اور تارے، بدلی کا چاند، کتبہ کون لکھے گا، مرہم

بند کی تشریح کے لیے مختص نظمیں

حمد، نعت، گیت، اسلوب، کام، آبِ زم زم

۵۔ (الف) منتخب کردہ سبق کے مصنف کا مختصر تعارف تحریر کیجیے۔ ۲

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ ۸

☆ زمین ☆ سحر ہونے تک ☆ نئے دور کی لڑکی

(ورق الٹیے)

خلاصے کے لیے مختص اسباق

ناول۔ داستان۔ طنز و مزاح

یا

مندرجہ ذیل میں سے صرف پانچ سوالات کے جواب دیجیے۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

(i) اچھے حکمران کے لیے منصف ہونا کیوں ضروری ہے؟

(ii) خدا کی محبت اور پیار کا مستحق بننے کے لیے ہر مذہب نے کیا تدبیر بتائی ہے؟

(iii) مردم شناسی سے کیا مراد ہے؟

(iv) شاعری ایک شاعر سے کن کن چیزوں کا مطالبہ کرتی ہے؟

(v) انشائیہ نگار نے البم کو "یوسفِ گم گشتہ" کیوں کہا؟

(vi) ساجدہ کو دیکھ کر ڈاکٹر نے کیا کہا؟

(vii) جو لوگ دوستوں کی بات نہیں مانتے، اُن کا انجام کیا ہوتا ہے؟

(viii) ڈاکٹر اقبال کے انتقال کی خبر سن کر مصنف کا ردِ عمل کیا تھا؟

سوالات کے لیے مختص اسباق

اقتباسات والے اسباق۔

حصّہ 'ج' (تفصیلی جواب کے سوالات) (نشانات : ۴۰)

۶۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شاعر کے کلام کی دس خصوصیات تحریر کیجیے۔ ۲۰

☆ میر تقی میر ☆ مرزا غالب ☆ ناصر کاظمی

تبصرے کے لیے مختص شاعر

میر تقی میر۔ مرزا غالب۔ مومن خان مومن۔ جگر مراد آبادی۔ ناصر کاظمی۔ فراق گورکھپوری علامہ اقبال۔ جون ایلیا

۷۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نثر نگار کے طرزِ تحریر کی دس خصوصیات تحریر کیجیے۔ ۲۰

☆ رشید احمد صدیقی ☆ محمد حسین آزاد ☆ سید سلیمان ندوی

تبصرے کے لیے مختص نثر نگار

سید سلیمان ندوی۔ محمد حسین آزاد۔ شبلی نعمانی۔ خدیجہ مستور۔ رشید احمد صدیقی۔ مولوی عبدالحق۔ پطرس بخاری

یا

دی گئی عبارت کو پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھیے:۔ ۲۰

اکبر الہ آبادی کے کلام کی شہرت ہوئی تو ایک مولوی صاحب نے اخباروں میں چھپوا دیا کہ میں اکبر کا استاد ہوں اور انھیں اس زمانے سے جانتا ہوں جب وہ اسکول میں پڑھتے تھے۔ لوگوں نے اکبر سے اس سلسلے میں استفسار کیا تو انھوں نے جواب دیا: مدت ہوئی ایک مولوی صاحب مجھے علم سکھاتے تھے اور میں انھیں عقل سکھاتا تھا۔ نہ مجھے علم آیا نہ انھیں عقل۔ یعنی ہم دونوں کو اپنی کوششوں میں سخت ناکامی ہوئی۔

۱) عبارت کا عنوان تجویز کیجیے۔ ۴

۲) اکبر الہ آبادی کی وجہ شہرت کیا ہے؟ ۴

۳) اخبار میں اشتہار کس نے اور کیوں چھپوایا؟ ۴

۴) کس کس کو اپنی کوششوں میں ناکامی ہوئی؟ ۴

۵) عبارت کی تلخیص کیجیے۔ ۴

عبارت کے لیے مختص اسباق

ادب آموزوں کے نام۔ مشاعرہ۔ لاہور میں ادیبوں کی کالونی۔ چمنے کہ تا قیامت۔ کرکٹ

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن، کراچی

انٹرمیڈیٹ ایگزامینیشن ماڈل پیپر ۲۰۲۶ء

کل نشانات: ۲۰ اردو (مادری زبان) لازمی (نئی کتاب کے مطابق) (پرچہ دوم) **وقت : ۲۰ منٹ**

(تمام گروپس کے لیے)

حصّہ 'الف' (کثیرالانتخابی سوالات) (نشانات: ۲۰)

نوٹ: (i) اس حصہ میں ۲۰ جزوی سوالات ہیں۔ تمام جزوی سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(ii) اپنی جوابی کاپی میں جزوی سوال کو نقل نہ کیجیے۔ سوال اور اس کے جزو کا درست نمبر پرچہ کے مطابق لکھ کر صرف مکمل جواب تحریر کیجیے۔

۱۔ مندرجہ ذیل میں سے ہر ایک کے لیے درست جواب منتخب کیجیے:۔

i) سبق "خوش طبعی" اس کتاب سے ماخوذ ہے:

☆ انسانِ کامل ☆ نیرنگ خیال ☆ خطباتِ مدراس ☆ محسنِ انسانیت

ii) شاعرِ مشرق اس شاعر کو کہا جاتا ہے:

☆ نگار صہبائی ☆ حمایت علی شاعر ☆ علامہ اقبال ☆ حفیظ جالندھری

iii) "کرکٹ" اس قسم کا مضمون ہے:

☆ مزاحیہ ☆ تاریخی ☆ طبی ☆ تنقیدی

iv) نعت میں لفظ "نقاشِ ازل" سے مراد ہے:

☆ روزِ ازل ☆ وعدۂ ازل ☆ روزِ ازل کا نقش ☆ خالقِ کائنات

v) گیدڑ کی موت آتی ہے تو دوڑتا ہے:

☆ گاؤں کی طرف ☆ شہر کی طرف ☆ جنگل کی طرف ☆ دریا کی طرف

vi) ہائیکو کے شاعر ہیں :

☆ یاسمین حمید ☆ مختار کریمی ☆ ضمیر جعفری ☆ رسا چغتائی

vii) رشید احمد صدیقی کا شامل نصاب خاکہ ان کے بارے میں ہے:

☆ سرسید احمد خان ☆ سید سلیمان ندوی ☆ علامہ شبلی نعمانی ☆ علامہ اقبال

viii) حضرت فاطمۃ الزہراؓ کی رخصتی نظم درس دیتی ہے:

☆ غربت کا ☆ عیش و آرام کا ☆ جہدِ مسلسل کا ☆ صبر و استقامت کا

ix) خُجستہ روتے ہوئے گئی تھی:

☆ کبوتر کے پاس ☆ کوئل کے پاس ☆ توتے کے پاس ☆ مینا کے پاس

x) "پُرسا دینا" سے مراد ہے:

☆ تعزیت کرنا ☆ تہنیت کرنا ☆ عیادت کرنا ☆ مسرت کرنا

xi) سبق "سحر ہونے تک" میں منظر پیش کیا گیا ہے:

☆ مہاجر کیمپ کا ☆ ریلوے اسٹیشن کا ☆ جلسے کا ☆ دعوت کا

xii) نظم "کتبہ کون لکھے گا" ہے:

☆ پابند نظم ☆ آزاد نظم ☆ رباعی ☆ قطعہ

xiii) مصنف کو پرانے کاغذات کی صفائی اور ترتیب دیتے ہوئے ملا ایک پرانا:

☆ قلم ☆ فوٹو ☆ البم ☆ رجسٹر

xiv) کتاب میں شامل نعت کے شاعر ہیں:

☆ نگار صہبائی ☆ حمایت علی شاعر ☆ وضاحت نسیم ☆ محسن کاکوروی

xv) "میں نے ادب بے ادبوں سے سیکھا ہے۔" یہ بات کہی ہے:

☆ سقراط نے ☆ ارسطو نے ☆ بوعلی سینا نے ☆ لقمان نے

xvi) ادیبوں کی کالونی اس شہر میں بسائی جارہی تھی:

☆ کراچی ☆ اسلام آباد ☆ لاہور ☆ پشاور

xvii) چینی عالم کا ذکر اس سبق میں ہے:

☆ مشاعرہ ☆ عالم گیر کا انصاف ☆ چار مال دار ☆ قحط الرجال

xviii) میر تقی میر کو کہا جاتا ہے:

☆ پیمبرِ سخن ☆ خدائے سخن ☆ ابوالاثر ☆ تغزل کا امام

xix) امداد حسینی کا ترجمہ کردہ شامل نصاب سبق ہے:

☆ نئے دور کی لڑکی ☆ مشاعرہ ☆ چھنے کہ تا قیامت ☆ میرا البم

xx) شاعرِ شباب و شاعرِ انقلاب کہا جاتا ہے:

☆ جون ایلیا ☆ جوش ملیح آبادی ☆ فاطمہ حسن ☆ حسرت موہانی

-------XXXXXX-------